17جولائی2018ء

# سپریم کورٹ کی ہدایت پر ڈیموں کے لیے عطیات: اسٹیٹ بینک نے اپنی ویب سائٹ پر ڈونرز کی تفصیلات پیش کر دیں

بینک دولت پاکستان نے دیامیر بھاشا اور مہمند ڈیموں کے لیے دیے گئے عطیات کی تفصیلات اپنی ویب سائٹ پر پیش کر دی ہیں۔ یہ تفصیلات 6جولائی2018ء کے بعد سے تاریخ وار ہیں اور انہیں بلحاظ ڈونر اور بلحاظ بینک ترتیب دیا گیا ہے۔ اب ڈونر خواتین و حضرات "سپریم کورٹ آف پاکستان کے دیامیر بھاشا اور مہمند ڈیموں کے فنڈ اکاؤنٹ" میں دیے گئے اپنے عطیات اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر اس لنک پر چیک کر سکتے ہیں:

http://www.sbp.org.pk/notifications/FD/DamFund/DamFund.htm.

ویب سائٹ پر تفصیلات چونکہ تاریخ وار دستیاب ہیں اس لیے ڈونر اپنے عطیے کی تاریخ پر جا کر اپنی رقم چیک کر سکتا ہے۔ تاہم جو عطیات متبادل ڈیلیوری چینلز (اے ڈی سی) مثلاً اے ٹی ایم، انٹر بینک فنڈ ٹرانسفر وغیرہ کے ذریعے بھجوائے گئے ہیں، انہیں بحیثیت مجموعی بینکوں کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے اس لیے ایسے عطیات کو اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر ڈونر کے لحاظ سے نہیں بلکہ بینک کے لحاظ سے دکھایا گیا ہے۔

****